
# میپکو میگ

ملتان

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY
MEPCO

جون 2009ء



شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان



ایم پی اے پیر جمیل شاہ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد سے میپکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں۔
اس موقع پر کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی بھی موجود ہیں۔

# میپکو میگ ملتان

سر پرست اعلیٰ: میاں افتخار احمد

مدیر: جمشید عالم نیازی

MULTAN ELECTRIC POWER COMPANY — MEPCO

جلد نمبر 01 شمارہ 02 جون 2009ء کل صفحات 18


## اس شمارے میں


| مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| چیف ایگزیکٹو میپکو کے سب ڈویژنوں کے دورے | 3 |
| جناب طاہر بشارت چیمہ۔۔۔نئے ایم ڈی پیپکو | 4 |
| پیپکو ایڈوائزرز کی میپکو آمد | 5 |
| انرجی کنزرویشن سیمینارز | 6 |
| شعبہ ڈویلپمنٹ کا قیام۔۔اغراض ومقاصد | 8 |
| امریکی کمپنی کی میپکو میں سرمایہ کاری کی پیشکش | 9 |
| ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں الوداعی تقریب | |
| پاور لومز ایسوسی ایشن کے وفد کی چیف ایگزیکٹو میپکو سے ملاقات | 10 |
| کوآرڈی نیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی برائے میپکو | 11 |
| شاہ جمال سب ڈویژن کا افتتاح | 12 |
| انرجی سیور بلب کی تقسیم | 13 |
| ملازمین کی فلاح کیلئے میپکو انتظامیہ کے اقدامات | 14 |
| میپکو سپورٹس | 15 |
| جوائنٹ ورکس کونسل کا اجلاس | 16 |
| شوکاز نوٹسز | 17 |
| واپڈا ہسپتال | 18 |



فوٹوگرافی: ـــــــــــ جواد احمد

ڈیزائننگ ـــــــــــ سید محمد کلیم شاہ

پرنٹر: ـــــــــــ ملک سہیل حیدر


## ایڈیٹرز کالم


### آئی ٹی ایف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔امید کی اک کرن

پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) نے ملک بھر کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں لائن لاسز کو کنٹرول کرنے اور ریکوری کی شرح بڑھانے کے لئے سپیشل ٹاسک فورس قائم کی ہے جسے امپلی مینٹیشن ٹاسک فورس (آئی ٹی ایف) کا نام دیا گیا ہے۔اس فورس کی شاخیں ہر ڈسٹری بیوشن کمپنی میں قائم کی گئی ہیں۔میپکو میں قائم ہونے والی آئی ٹی ایف کے سربراہ کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی ہیں۔گزشتہ دنوں اس فورس کے ممبر سابق جنرل منیجر واپڈا چوہدری عبدالغفور نے میپکو ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا جس میں انہوں نے میپکو کے اعلیٰ حکام سے ملاقات کی اور اس منصوبے کی تفصیلات بیان کیں۔بعدازاں انہوں نے اس منصوبے کے لئے منتخب ہونے والی سب ڈویژنوں کے افسران سے بھی ملاقات کی اور انہیں اس منصوبے کی جذیات سے آگاہ کیا۔میپکو میں اس منصوبے کے اطلاق کے لئے 6 سب ڈویژنوں کا چناؤ کیا گیا ہے جن میں ملتان سرکل کی گلگشت، ممتاز آباد اور شاہ رکن عالم سب ڈویژن، جبکہ بہاولپور سرکل کی لودھراں، رحیم یار خان سرکل کی خان پور سب ڈویژن اور ساہیوال سرکل کی الفرید سب ڈویژن شامل ہیں۔ان سب ڈویژنوں کو ماڈل سب ڈویژن کا درجہ دیا جائے گا اور یہ یکم جولائی 2009ء سے اس پلان کے مطابق کام شروع کردیں گی۔ اس پلان کے مطابق ان سب ڈویژنوں میں بلنگ اور ریکوری کے شعبوں کو نئی جدتوں سے روشناس کرایا جائے گا۔ان سب دفاتر میں مطلوبہ سٹاف تعینات کیا جائے گا اور دفاتر میں مناسب فرنیچر بھی مہیا کیا جائے گا۔لائن لاسز کو کنٹرول کرنے کے لئے ان سب ڈویژن کے فیڈرز کی ری ہیبلیٹیشن اور بائی فرکیشن بھی کی جائے گی اور موزوں تعداد میں ٹرانسفارمرز بھی نصب کئے جائیں گے۔مختصر یہ کہ محکمانہ قوانین و ضوابط کا صحیح معنوں میں ان سب ڈویژنوں میں اطلاق کیا جائے گا اور جدید طریقے اپنائے جائیں گے۔یہ ساری تفصیل اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ پیپکو اتھارٹی ایک نئے عزم کے ساتھ میدان عمل میں اتری ہے کہ وہ ملازمین کو آئیڈیل ٹیکنیکل ماحول وسہولیات فراہم کرے تاکہ ملازمین دل جمعی سے کام کریں اور لائن لاسز کو کم ترین سطح پر لاتے ہوئے ریکوری کو سو فیصد یقینی بنائیں۔محکمہ نے اس کام کا آغاز بھی ان سب ڈویژنوں سے کیا ہے جہاں پر لاسز کی شرح زیادہ ہے اور ریکوری کم ہو رہی ہے۔محدود وسائل کے باوجود اتھارٹی کا یہ اقدام درست سمت میں پیش قدمی کا واضح اشارہ ہے اور امید کی کرن ہے کہ اس اقدام سے محکمہ میں ترقی کا عمل تیز ہوگا۔ضرورت اس امر کی ہے کہ جن دفاتر کو اس اہم ٹاسک کے لئے چنا گیا ہے ان کے افسران وملازمین اس کی روح کو سمجھیں اور دیانتداری سے اس پر عمل کر کے اچھے نتائج دیں تاکہ دوسرے ملازمین بھی ان سے متاثر ہو کر اچھے نتائج دینے کے لئے بھرپور محنت کریں۔


شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# میپکو سٹاف سخت محنت اور جدوجہد کو اپنا شعار بنائے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد

## جون کا مہینہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ افسران اور ملازمین مل کر میپکو کے رزلٹ بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے رواں اور گزشتہ ماہ میں کئی میپکو دفاتر کے دورہ کیا۔ ان دوروں کا مقصد ایک طرف تو ان دفاتر میں کام کی رفتار اور معیار کی چیکنگ تھا دوسری طرف اتھارٹی کی طرف سے دیئے گئے ٹارگٹ کو حاصل کرنے کی جدوجہد میں مشغول آپریشن سٹاف کی حوصلہ افزائی اور ان کے ارادوں کو مہمیز دینا تھا۔ چیف ایگزیکٹو کے ریجن بھر میں دورے بجائے خود اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ وہ کمپنی کی کارکردگی بہتر بنانے اور اچھے نتائج کے حصول کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو میپکو نے اپنے دوروں کا آغاز ملتان سے کیا جس میں انہوں نے سٹی، حسن پروانہ، اور شمس آباد سب ڈویژنوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میپکو سٹاف سخت محنت اور جدوجہد کو اپنا شعار بنائے تاکہ رواں ماہ میں اتھارٹی کی جانب سے دیئے گئے ٹارگٹس کو حاصل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جون کا مہینہ نہایت اہمیت کا حامل ہے اور سب مل کر میپکو کے رزلٹ بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ دوسرے مرحلے میں چیف ایگزیکٹو نے ساہیوال سرکل کا دورہ کیا جس میں انہوں نے ساہیوال 5، چیچہ وطنی سٹی اور رورل سب ڈویژن اور میاں چنوں ڈویژن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اے سی استعمال کرنے والے صارفین کی دوبارہ پڑتال کی جائے۔ یہ زیادہ بجلی استعمال کرنے والے صارفین ہیں جن کے استعمال پر گہری نظر رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ میٹر ریڈنگ شاف دیانتداری سے اپنے فرائض سرانجام دے اور اوور بلنگ کا مرتکب نہ ہو اور نہ ہی بغیر میٹر پڑھے ریڈنگ کا اندراج کیا جائے۔ انہوں نے ریکوری پر مامور عملہ کی بھی فیلڈ میں کام کرتے ہوئے چیکنگ کی اور افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ سٹاف کے ساتھ علاقوں کا دورہ کریں اور ان کی لسٹیں چیک کریں۔ اس موقع پر منیجر آپریشن میپکو ملتان سرکل عبدالمجید رند اور منیجر آپریشن ساہیوال سرکل محمد امین گل بھی چیف ایگزیکٹو میپکو کے ہمراہ تھے۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد میپکو سٹی، حسن پروانہ اور شمس آباد سب ڈویژنوں کے اچانک دورے کے موقع پر ریکارڈ چیک کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو کے فیلڈ دفاتر میں دوروں کے نہایت مثبت اور خوشگوار اثرات مرتب ہوئے ہیں اور فیلڈ سٹاف نے ان کی آمد اور خصوصی دلچسپی کو اپنے فرائض کی ادائیگی میں مدد کے طور پر محسوس کیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے فیلڈ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے علاقوں میں خود دورے کریں۔ بڑے نادہندگان سے ملیں اور میپکو واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔


## صارفین غیر ضروری آرائشی بتیاں نہ جلائیں۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد

چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا ہے کہ پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) ملک میں بجلی کی طلب کو پورا کرنے کے لئے ہنگامی اقدامات کر رہی ہے اور نئے پراجیکٹس کی تکمیل سے اس سال کے آخر تک 3240 میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کی جائے گی جس سے لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیپکو کے اقدامات سے بجلی کی فراہمی میں اضافہ ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے "جیو ٹی وی" اور "سماء ٹی وی" کو الگ الگ انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن میں شہری علاقوں میں 4 سے 6 گھنٹے جبکہ دیہاتی علاقوں میں 6 سے 8 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے۔ پاور لومز کو 16 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ ٹیکسٹائل انڈسٹری کی شام 7 بجے سے 12 بجے رات تک بجلی بند کی جارہی ہے اور انہیں کہا گیا ہے کہ وہ 15 فیصد تک لوڈ کم کریں۔ ٹیوب ویل صارفین کو دن میں ایک بار 8 سے 10 گھنٹے تک مسلسل بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ صارفین اس موسم میں بجلی کفایت سے استعمال کریں اور غیر ضروری آرائشی بتیاں نہ جلائیں تاکہ گھریلو صارفین کو بجلی فراہم کی جاسکے۔ لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے لئے حکومتی اقدامات اپنی جگہ مگر من حیث القوم ہمیں بچت کی عادت اپنانا ہوگی جس کا فوری نتیجہ لوڈ شیڈنگ سے نجات ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن میں شیڈول کے مطابق لوڈ شیڈنگ کی جارہی ہے اور اس پر سخت چیکنگ بھی کی جارہی ہے تاہم صارفین کی مدد اور تعاون ہمیں درکار ہے تاکہ موسم گرما میں کم سے کم لوڈ شیڈنگ کی جاسکے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو نے تفصیل سے ان پراجیکٹس کا ذکر کیا جن سے 3240 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی ان میں اٹک جن پاور پلانٹ 165 میگاواٹ، زورلو وِنڈ پاور پلانٹ 50 میگاواٹ، اورئینٹ پاور پراجیکٹ 225 میگاواٹ، اٹلس پاور پراجیکٹ 225 میگاواٹ، مرید کے پاور پلانٹ 225 میگاواٹ، فوجی موری پاور پراجیکٹ 202 میگاواٹ، نشاط پاور پراجیکٹ 200 میگاواٹ، اینگرو پاور پراجیکٹ 227 میگاواٹ، منگلا ڈیم رائزنگ 180 میگاواٹ اور رینٹل پراجیکٹس سے 1541 میگاواٹ شامل ہیں۔

# "جناب طاہر بشارت چیمہ کی بطور منیجنگ ڈائریکٹر پیپکو تعیناتی"

## ایک نئے دور کا آغاز

تحریر: جمشید نیازی (ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز)



طاہر بشارت چیمہ (منیجنگ ڈائریکٹر پیپکو)

یوں تو ملتان ہمیشہ سے ملکی افق پر نمایاں رہا ہے اور ملک کو بڑی نامور اور قدآور شخصیات ملتان کی مٹی نے عطا کی ہیں مگر محکمہ واپڈا میں ملکی سطح پر ملتان کی نمائندگی بہت کم رہی۔ پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) کے نئے سربراہ جناب طاہر بشارت چیمہ ملتان کے قابل فخر سپوت ہیں اور انہوں نے اپنی قابلیت اور شبانہ روز محنت سے یہ اعزاز بھی ملتان کی جھولی میں ڈال دیا ہے کہ ملک کے دوسرے بڑے اور اہم ترین محکمہ کے سربراہ کا تعلق ملتان شہر سے ہے۔ جناب طاہر بشارت چیمہ کے بطور منیجنگ ڈائریکٹر پیپکو فرائض سنبھالنے پر ملتان کے عوامی حلقوں اور میپکو ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم ملتان کی مشہور درسگاہ "لاسال" سے حاصل کی اور انجینئرنگ کی ڈگری جامشورو انجینئرنگ یونیورسٹی سے نمایاں پوزیشن میں حاصل کی۔ انہوں نے 1976ء میں واپڈا میں بطور ایس ڈی او شمولیت اختیار کی اور طویل عرصہ تک ملتان میں مختلف عہدوں پر اس طرح خدمات سرانجام دیں کہ آج بھی لوگ انہیں نہایت احترام سے ایک محنتی، فرض شناس اور بااصول افسر اور ایک نیک، شفیق اور ہمدرد انسان کے طور پر یاد کرتے ہیں انہوں نے ایک طویل عرصہ شعبہ ایم اینڈ ٹی میں گزارا جہاں انہوں نے میٹروں کی کوالٹی بہتر بنانے اور خاص طور پر فیکٹریوں میں بجلی چوری کی روک تھام کے سلسلے میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ انہوں نے آپریشن میں بطور ایس ڈی او ممتاز آباد اور ملتان شہر کی تینوں ڈویژنوں سٹی، کینٹ اور ممتاز آباد میں بطور ایکسین خدمات سرانجام دیں۔ انہوں نے بطور ڈائریکٹر جنرل (ایم اینڈ ایس) بھی خدمات سرانجام دیں اور پی سی پول پلانٹس پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے سیمنٹ کے کھمبوں کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لئے نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ وہ گزشتہ کئی سال سے میپکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن ہیں اور میپکو نے ان کے وسیع تکنیکی تجربے سے مختلف معاملات میں استفادہ حاصل کیا ہے۔ جناب طاہر بشارت چیمہ کے کریڈٹ پر سب سے اہم کارنامہ ملک میں انرجی سیور کلچر کو رائج کرنا ہے جبکہ ملک میں بجلی پیدا کرنے کے نئے منصوبوں کی شروعات اور 31 دسمبر 2009ء تک پیداوار میں 3240 میگاواٹ اضافے کے لئے کئے گئے اقدامات میں بھی ان کا کردار مسلمہ ہے۔ آئی پی پیز سے بجلی خریدنے کے معاملات ہوں یا رینٹل پاور پراجیکٹس کے معاہدے یا نئے پاور پلانٹس کی تنصیب کے معاملات ہوں جناب طاہر بشارت چیمہ کی شخصیت ہر معاملے میں نمایاں نظر آتی ہے۔ بطور ڈائریکٹر جنرل (انرجی منیجمنٹ اینڈ کنزرویشن) پیپکو انہوں نے اس ضمن میں بے انتہا محنت کی ہے اور ملک کو درپیش بجلی کے بحران کا بروقت ادراک کرتے ہوئے انہوں نے بجلی کی بچت کے لئے نہ صرف عملی اقدامات اٹھائے بلکہ ایک منظم اور بھرپور میڈیا مہم کے ذریعے عوام الناس میں عام بلب کی جگہ انرجی سیور بلب کے استعمال کا شعور اجاگر کیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں اپنے اردگرد عام بلب اب بہت کم تعداد میں نظر آتے ہیں۔ جناب طاہر بشارت چیمہ نے بطور ترجمان پیپکو نہایت اہم اور شاندار خدمات سرانجام دیں وہ واحد شخص تھے جو بجلی کے شدید بحران کے دور میں پیپکو کا موقف نہایت جرات اور ہوشمندی سے تمام ٹی وی چینلز، اخبارات اور مختلف فورمز پر بیان کرتے رہے۔

جناب طاہر بشارت چیمہ کی تعیناتی سے پیپکو میں ایک نئے دور کا آغاز ہو گیا ہے وہ نہایت ویژنری شخصیت کے مالک ہیں اور ان کے حالیہ اقدامات ان کی شخصیت کے غماز ہیں۔ وہ محکمہ میں بہتری لانے کے لئے جدید آئیڈیاز کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ محکمہ کے ملازمین کو ان کی کرشماتی شخصیت سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں کہ وہ محکمہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے بھی اقدامات اٹھائیں گے۔ ان سطور کے ذریعے میں میپکو انتظامیہ اور ملازمین کی جانب سے انہیں اس نئی اور اہم ذمہ داری تفویض کئے جانے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت اور عمر خضر عطا کرے تاکہ وہ اسی ہمت اور لگن سے ملک اور قوم کی خدمت کرتے رہیں۔

# ملک بھر میں بجلی صارفین کو 3 کروڑ 30 لاکھ انرجی سیور بلب فراہم کئے جائیں گے۔ سلیم عارف ایڈوائزر پیپکو

## امپلی مینٹیشن ٹاسک فورس کے قیام کا مقصد صارفین کو بہتر سروسز فراہم کر کے مطمئن کرنا ہے۔ چوہدری عبدالغفور

پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) کے ایڈوائزر سلیم عارف، ڈائریکٹر جنرل کمرشل اکرام الحسن سومرو اور ممبر سپیشل ٹاسک فورس چوہدری عبدالغفور نے گزشتہ دنوں میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان کا دورہ کیا۔ مختلف پالیسی معاملات پر پیپکو اتھارٹی کے اقدامات کو ذیلی افسران تک پہنچانے کے لئے اجلاس منعقد کئے گئے۔ ان اجلاسوں میں چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، تمام چیف انجینئرز، چند سرکلز کے منیجرز آپریشن اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ایڈوائزر پیپکو سلیم عارف نے بجلی کی بچت کے حوالے سے پیپکو کے اقدامات کے بارے میں میپکو افسران کو آگاہ کیا اور بتایا کہ 3 کروڑ 30 لاکھ انرجی سیور بلب صارفین میں تقسیم کرنے کا منصوبہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ جس کے لئے ایشین ڈویلپمنٹ بنک نے مالی تعاون کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپکو کی بجلی بچت مہم کے مثبت اثرات سامنے آرہے ہیں اور بجلی کے بے دریغ استعمال میں کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب ڈویژن اور کمپلینٹ سنٹرز کے ٹیلی فون آپریٹرز صارفین کو لوڈشیڈنگ کی اصل وجوہات بتائیں اور لوڈشیڈنگ کے شیڈول پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ ڈائریکٹر جنرل کمرشل پیپکو اکرام الحسن سومرو نے کہا کہ میپکو نے نادہندہ صارفین سے 748 ملین روپے وصول کرنے ہیں ان صارفین سے واجبات وصولی کے لئے ہر ممکن طریقہ اختیار کیا جائے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے اس موقع پر انہیں بتایا کہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کو ہر صورت ممکن بنایا جائے گا اور میپکو کے اہلکار اس ٹارگٹ کو حاصل کرنے کے لئے سخت محنت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شیڈول سے ہٹ کر لوڈشیڈنگ کرنے پر 2 ملازمین کو معطل کیا جاچکا ہے اور اس پر سخت نظر رکھی جارہی ہے۔ صارفین کی آسانی کے لئے لوڈشیڈنگ کا شیڈول اخبارات میں مشتہر کیا جارہا ہے



ایڈوائزر پیپکو سلیم عارف میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔
اس موقع پر ڈی جی کمرشل پیپکو اکرام الحسن سومرو، چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد اور دیگر افسران موجود ہیں۔

اور جلد ہی یہ شیڈول میپکو کی ویب سائٹ پر بھی میسر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو سے اوور بلنگ کا کلچر ہمیشہ کے لئے ختم کر دیا گیا ہے اور اس میں ملوث ملازمین کے خلاف بھی سخت کاروائی کی جارہی ہے۔ ایڈوائزر پیپکو سلیم عارف، ڈی جی کمرشل اکرام الحسن سومرو اور دیگر اعلیٰ افسران نے مظفرگڑھ اور ڈی جی خان سرکل کا بھی دورہ کیا۔ ایک اور اجلاس میں ممبر سپیشل ٹاسک فورس چوہدری عبدالغفور نے بتایا کہ ایم ڈی پیپکو کی ہدایت پر ریونیو جنریشن ٹاسک فورس بنائی گئی ہے جس کے سربراہ سابق جنرل منیجر واپڈا محمد امین ساہی ہیں۔ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے لائن لاسز اور ریکوری کی صورتحال کو بہتر بنانے کی تجاویز کا اطلاق کرنے کے لئے سپیشل ٹاسک فورس بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ ابتدائی طور پر زیادہ لائن لاسز اور کم ریکوری والی سب ڈویژنوں کو ماڈل سب ڈویژن کا درجہ دے کر پیپکو اتھارٹی سے منظور شدہ تجاویز کا اطلاق کیا جائے گا۔ اجلاس میں امپلی مینٹیشن ٹاسک فورس (آئی ٹی ایف) کے قیام اور اس کے دائرہ عمل کو زیر بحث لایا گیا۔ میپکو میں امپلی مینٹیشن ٹاسک فورس کا سربراہ کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی کو بنایا گیا ہے جبکہ دیگر ممبران میں منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ، منیجر کمرشل چوہدری منظور حسین، منیجر کمپیوٹر انوار احمد چغتائی، منیجرز ایم اینڈ ٹی خواجہ سہیل احمد اور خورشید انور، منیجر او اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن ممتاز بھٹہ، ڈپٹی منیجر کمرشل ملک امتیاز احمد اور ڈپٹی منیجر پلاننگ رانا عبدالستار شامل ہیں۔ اس ٹاسک فورس کے قیام کا مقصد صارفین کو بہتر سروسز فراہم کر کے مطمئن کرنا اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہیں ۔ اجلاس میں کنسلٹنٹ پیپکو چوہدری عبدالغفور نے کہا کہ پیپکو ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے بلنگ، ریڈنگ اور بجلی کے ترسیل کے نظام کو نئی جدتوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ دوسری ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی طرح ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) میں آئی ٹی ایف کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور 6 سب ڈویژنوں کو اس منصوبے کے لئے چنا گیا ہے۔ جن میں ملتان سرکل کی گلگشت، شاہ رکن عالم اور ممتاز آباد سب ڈویژنوں جبکہ پاکپتن ڈویژن کی الفرید سب ڈویژن، رحیم یار خان کی خان پور سب ڈویژن اور بہاولپور سرکل کی لودھراں سب ڈویژنیں شامل ہیں۔ میپکو کی ان 6 سب ڈویژنوں کو 30 جون 2009ء تک تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی جس کے بعد اس منصوبے پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔

★ ★ ★

## شعبہ تعلقات عامہ کے زیر اہتمام انرجی کنزرویشن سیمینارز میں بچوں کے جوش وخروش کی روداد۔

# ہر بچے کا ہے یہ وعدہ۔۔۔ بجلی بچائیں گے زیادہ سے زیادہ

## 18 میگاواٹ کا ایک انرجی سیور ایک یونٹ بجلی میں 56 گھنٹے تک روشنی مہیا کرسکتا ہے۔

ملک میں بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب یوں تو جنگی بنیادوں پر نئے ڈیمز اور پاور ہاؤسز کا تقاضا کرتی ہے مگر اس کا ایک پہلو بجلی کے ضیاع اور بے تحاشا استعمال کا بھی ہے جو کہ فوری توجہ اور اقدامات کا متقاضی ہے۔ پیپکو نے اس پہلو کو اپنی فوری توجہ کا مرکز بنایا اور حکومتی، عوامی سطح پر اس مسئلہ کو موثر انداز میں پیش کیا۔ گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کرنا اور تاجروں سے التماس کہ وہ رات 9 بجے کاروباری مراکز بند کردیں اس ضمن میں واضح اقدامات ہیں۔ عوامی سطح پر پیپکو نے بجلی کی بچت کی ملک گیر مہم چلائی جس کے نتیجے میں بجلی کے بے دریغ استعمال میں کمی آئی ہے اور ملک میں انرجی سیور بلب استعمال کرنے کا شعور پیدا ہوا ہے۔

میپکو کے 38 لاکھ سے زائد صارفین میں سے تقریباً 33 لاکھ گھریلو صارفین ہیں اور ان میں یہ شعور اجاگر کرنا وقت کی ضرورت ہے تا کہ بجلی بچت کی مہم کامیابی سے ہمکنار ہوسکے۔ مردوں کے مقابلے میں زیادہ تر خواتین اور بچے گھروں میں رہتے اور مختلف آلات استعمال کرتے ہیں۔ یہ کمیونٹی اگر بجلی سمجھداری سے استعمال کرے اور بچت کے طریقوں پر عمل کرے تو نہ صرف بجلی کے خرچ میں کمی آسکتی ہے بلکہ گھر کا بجلی کا بل بھی کم آئے گا۔ بچے بات کو جلد سمجھتے ہیں اور شوق سے عمل کرتے ہیں۔

شعبہ تعلقات عامہ میپکو نے اس سوچ کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں اور بچیوں کے سکولوں میں انرجی سیور سیمینارز منعقد کروانے کا فیصلہ کیا اور میپکو ریجن کے مختلف علاقوں میں روزنامہ "پاکستان" کے زیر اہتمام انرجی سیور سیمینارز منعقد کیے۔ یہ سیمینارز کوٹ ادو، میلسی اور ڈی جی خان کے بڑے سکولوں میں منعقد کیے گئے۔

ان سیمینارز میں بچوں کا جوش وخروش دیدنی تھا اور انہوں نے تقاریر، نظموں اور خاکوں کے ذریعے اپنے جذبات کا خوب اظہار کیا۔ میپکو کی جانب سے ان سیمینارز کے شرکاء میں انرجی سیور بلب تقسیم کیے گئے جسے خوب سراہا گیا کہ میپکو انرجی سیور کلچر کے فروغ میں عملی کردار ادا کررہی ہے۔

اس سلسلہ میں پہلا سیمینار گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 ڈی جی خان میں ہوا جس میں طلباء کی ایک بڑی تعداد کو لیکچر دیتے ہوئے ڈپٹی منیجر آپریشن خواجہ اورنگزیب صدیقی نے کہا کہ طلبہ بجلی کی بچت میں کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ دنیا بھر میں قدرتی توانائی کے ذخائر تیزی سے کم ہورہے ہیں اور ترقی یافتہ اقوام بھی توانائی کی بچت پر زور دے رہی ہیں۔ بجلی کا ضیاع لوڈ شیڈنگ کا موجب ہے جس پر قابو پاکر ہم اپنی صنعتوں اور زراعت کو بجلی مہیا کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 18 واٹ کا ایک انرجی سیور ایک یونٹ بجلی میں 56 گھنٹے تک روشنی مہیا کرسکتا ہے۔ میپکو کے تمام صارفین اگر ٹی وی سیٹس سٹینڈ بائی کی جگہ مکمل پاور آف کردیں تو مجموعی طور پر 140 میگاواٹ بجلی بچائی جاسکتی ہے۔ سیمینار کے بعد سکول کے طلبہ کے درمیان بجلی کی بچت کے حوالے سے کوئز پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ان سے بجلی بچت کے طریقوں اور ان کے فوائد پر مبنی مختلف سوالات پوچھے گئے۔ جن طلبہ میں انعامات تقسیم کیے ان میں عاشر مسعود، احمر طارق، عادل مراد، زاہد منظور، محمد عمر خان، سعادت اللہ، سعد حسن، فیضان، محمد نعیم، خرم شہزاد، محمد جمیل، نعمان صادق، فرقان قادر، فیض رسول اور مشہود شامل ہیں۔

تقریب کے آخر میں ڈپٹی منیجر آپریشن میپکو ڈی جی خان ڈویژن وکیل نادر نے سکول کی انتظامیہ اور طلبہ کا شکریہ ادا کیا اور طلبہ سے وعدہ لیا کہ وہ بجلی کی بھرپور بچت کریں گے۔ تقریب میں ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز میپکو جمشید نیازی، اسسٹنٹ منیجر زشیخ شیراز، محمد رمضان اور دیگر موجود تھے۔ اس سلسلہ کا دوسرا سیمینار گورنمنٹ ہائی سکول موچی والا کوٹ ادو میں منعقد کیا گیا۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ بجلی کی پیداوار کے لئے حکومت جنگی بنیادوں پر کام کررہی ہے مگر ذرائع تیار ہونے تک بجلی کی بچت اور کفایتی استعمال ہی وہ واحد راہ ہے جس کے ذریعے لوڈ شیڈنگ سے چھٹکارہ مل سکتا ہے۔ سکول کی طالبات کے درمیان بجلی کی بچت کے



ڈپٹی منیجر آپریشن اورنگزیب صدیقی اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی "بجلی بچاؤ مہم" کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں جبکہ مہمان خصوصی گورنمنٹ سکول کوٹ ادو صفیہ علمدار بھی موجود ہیں۔

عنوان پر تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں طالبات نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گھریلو خواتین بجلی کے کفایتی طریقے اپنا کر نہ صرف قومی خدمت میں اپنا کردار دل سے شکریہ ادا کیا کہ ان کے تعاون سے ایک کامیاب سیمینار منعقد ہوا۔ تیسرا سیمینار گورنمنٹ ہائی سکول ہری پورہ میلسی میں منعقد کیا گیا۔ اسسٹنٹ منیجر ریجنل ٹریننگ نئی نسل اس کی اہمیت کو سمجھ کر اس پر عمل پیرا ہو اور ہمہ گیر سطح پر بجلی کی بچت ممکن ہو سکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ)



اسسٹنٹ منیجر خالد نعیم میلسی میں بجلی کی بچت کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔ دوسری طرف اسسٹنٹ منیجر شاہد نذیر اور اے ای او ایجوکیشن عزیز فاطمہ طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں۔

ادا کر سکتی ہیں بلکہ بجلی کا بل کم آنے سے گھریلو اخراجات میں خاطر خواہ کمی آسکتی ہے۔ جن طالبات نے تقاریر کیں ان میں کشمالہ اظہر، میمونہ گلزار، شہلا صادق، منتہیٰ، صائمہ بختیار شامل ہیں جبکہ مدیحہ مشتاق اور شہلا صدیق نے خاکے پیش کئے۔ تقریری مقابلے میں اول پوزیشن منتہیٰ، دوئم شہلا صدیق اور سوئم صائمہ بختیار نے حاصل کی جبکہ حوصلہ افزائی کا خصوصی انعام کشمالہ اظہر کو دیا گیا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض سندس فاطمہ نے ادا کئے اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ طالبات میں انعامات ڈپٹی منیجر آپریشن کوٹ ادو ڈویژن عباس لاشاری

سنئیر میپکو خالد نعیم شیخ نے لیکچر دیتے ہوئے کہا کہ بچوں میں بجلی کی بچت کا شعور پیدا کرنا وقت کا تقاضا ہے تاکہ نئی نسل توانائی کی قدر و قیمت کو سمجھے اور اسے کفایتی طور پر استعمال کرے۔ انہوں نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور اگر وہ بجلی کی بچت کی عادت اپنالیں گے تو ہمارے گھروں میں بجلی کا کفایتی استعمال شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے طالبات کو بتایا کہ عام بلب کے مقابلے میں انرجی سیور بلب کے استعمال سے بجلی کی 80 فیصد بچت ہوتی ہے۔ سکول سے تعلق رکھنے والی طالبات سامعہ مقبول، زاہدہ اقبال، اقراء محمد، نغمین شاہد نے تقاریر کیں جن میں بجلی کی

عزیز فاطمہ نے کہا کہ میپکو کی جانب سے ایسے سیمینار کا انعقاد نہایت خوش آئند ہے جس سے بچے بجلی کی بچت کی اہمیت کو سمجھیں گے۔ گھروں میں زیادہ وقت خواتین گزارتی ہیں اور خواتین اگر یہ عادت اپنالیں تو نہ صرف بجلی کی بچت ہوگی اور بجلی کا بل کم آئے گا۔ تقریب میں تقاریر، ملی نغمہ اور نظمیں پیش کرنے والی بچیوں امتہ الصبور، ندا، قادرہ، نادرہ وحید اور اسامہ میں میپکو کی جانب سے انرجی سیور بلب کے انعامات تقسیم کئے گئے۔ تقریب میں کمپئرنگ عزیز کوثر نے کی جبکہ اس موقع پر ہیڈ مسٹریس سکول نزہت تنویر بھی موجود تھیں۔



ڈپٹی منیجر آپریشن میپکو خواجہ اورنگزیب صدیقی ڈی جی خان میں "بجلی بچت مہم" کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں جبکہ ڈی ایم او کیل نادر بچوں میں انرجی سیورز تقسیم کر رہے ہیں۔

نے تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بچے ملک و قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں اور جو عزم کر لیں اسے پورا کرتے ہیں اگر ہمارے بچے بجلی بچانے کا عزم کر لیں تو معاشرے میں انقلابی تبدیلی آسکتی ہے اور لوڈ شیڈنگ سے نجات مل سکتی ہے۔ آخر میں ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز میپکو جمشید نیازی نے کہا کہ میپکو خواتین اور بچوں میں بجلی کا شعور اجاگر کرنے کے لئے یہ سیمینار منعقد کروا رہی ہے جس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئیں گے۔ انہوں نے ہیڈ مسٹریس گورنمنٹ سکول صفیہ علمدار، روزنامہ "پاکستان" کی انتظامیہ کا تہہ

بچت کی ضرورت، فوائد اور اہمیت بیان کی گئی اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ وہ اور دیگر طالبات نہ صرف خود بلکہ ان کے خاندان کے دیگر افراد بھی بجلی کی بچت کریں گے۔ اسسٹنٹ منیجر آپریشن میپکو سردار پور جھنڈیر سب ڈویژن انجینئر شاہد نذیر نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی بچت وقت کی اہم ترین ضرورت ہے جس کو اپنائے بغیر بجلی کے بحران پر قابو پانا ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو اپنے صارفین خاص طور پر بچوں میں بجلی کی بچت کا شعور اجاگر کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ

## تعیناتی



انجینئر جاوید ہاشمی نے میپکو میں چیف انجینئر آپریشن (ٹی اینڈ جی) کے عہدے کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ شعبہ او اینڈ ایم ٹی اینڈ جی اور جی ایس او سرکل ملتان ساہیوال ان کے ماتحت فرائض سرانجام دیں گے۔

## میپکو کے یہ منصوبے سراسر عوامی مفاد میں ہیں جس سے ترقی کا عمل تیز ہو گا۔

# شعبہ ڈویلپمنٹ میپکو کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے جدوجہد کرے گا۔ جلال الدین ملک

## وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے خصوصی طور پر ایک ارب روپے کی منظوری دی ہے جس سے 3 نئے گرڈ اسٹیشن بنائے جائیں گے۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) اپنے بجلی کے تقسیمی نظام کی استعداد کار میں اضافے اور نظام کو وسعت دینے کے لئے ہمہ جہتی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ میپکو کے 6th ایس ٹی جی پراجیکٹ اور دیگر منصوبوں کے لئے بہت زیادہ سرمایہ کی ضرورت ہے جس کے لئے میپکو نے مالی امداد فراہم کرنے والے عالمی اداروں سے رابطہ کیا اور انہیں اپنے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے لئے آمادہ کیا ہے۔ ایشین ڈویلپمنٹ بنک اور ورلڈ بنک سے 88 ملین ڈالر شروع ہونے والے نئے گرڈ اسٹیشنوں کی تعمیر و تنصیب، پرانے گرڈ اسٹیشنوں کی اپ گریڈیشن اور چھوٹے گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافہ اور گرڈ اسٹیشنوں سے متعلق دیگر منصوبوں کی نگرانی کرے گا۔ میپکو اتھارٹی نے شعبہ (جی ایس سی) کو بھی مذکورہ شعبہ میں ضم کر دیا ہے۔

انجینئر جلال الدین ملک کو چیف انجینئر ڈویلپمنٹ تعینات کیا گیا ہے اور شعبہ میں دیگر 55 افسران و ملازمین تعینات جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میپکو نے اپنے پراجیکٹس میں اس امر کا خیال رکھا ہے کہ اس سے ماحول کو نقصان نہ پہنچے اور تمام سٹیک ہولڈرز کو پہلے ہی تحریری طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی شعور میں بے حد اضافہ ہو چکا ہے اور عام آدمی بھی جانتا ہے کہ کونسی چیز اس کے مفاد میں ہے۔ میپکو کے یہ منصوبے سر سر عوامی مفاد میں ہیں جس سے ترقی کا عمل تیز ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ ملتان میں ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے تعاون



میپکو کے ایس ٹی جی پراجیکٹس کے متعلق چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو جلال الدین ملک، ڈسٹرکٹ آفیسر ماحولیات ملتان ظفر اقبال، منیجر ڈویلپمنٹ افضال سعید اور اسسٹنٹ منیجر انوائرمنٹ میپکو آصف ریاض "عوامی سماعت" کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

قرض کے حصول کے لئے معاہدے ہو چکے ہیں جبکہ وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے خصوصی طور پر ایک ارب روپے کے فنڈ کی منظوری دی ہے جس سے 3 نئے گرڈ اسٹیشن بنائے جائیں گے۔ جن میں ملتان میں واپڈا ٹاؤن اور قاسم باغ گرڈ اسٹیشن اور ہوتہ گرڈ اسٹین ساہیوال شامل ہیں۔ ان بڑے منصوبوں کی تکمیل اور ان کی بہتر مانیٹرنگ کے لئے ایک الگ شعبہ قائم کیا جانا وقت کی ضرورت تھی تا کہ پوری توجہ اور رفتار سے ان منصوبوں کو کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ اسی سلسلہ میں شعبہ ڈویلپمنٹ کا قیام عمل میں لانے کی تجویز تیار کی گئی اور اسے میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز میں پیش کیا گیا۔ گزشتہ ماہ منعقد ہونے والے اجلاس میں میپکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے شعبہ ڈویلپمنٹ قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔ چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو کے زیر انتظام شعبہ ایشین ڈویلپمنٹ بینک اور ورلڈ بینک کے مالی تعاون سے کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ ان میں ایک منیجر پلاننگ، شیڈولنگ اینڈ کوآرڈی نیشن، ایک منیجر پروکیورمنٹ، ایک منیجر پراجیکٹ فنانسنگ، ایک ڈپٹی منیجر انوائرمنٹ اینڈ سیف گارڈ بھی تعینات کئے گئے ہیں۔ اس شعبہ کے دفاتر ملتان آپریشن سرکل کی عمارت میں قائم کئے گئے ہیں یہ شعبہ جن پراجیکٹس پر کام کرے گا ان کی تعداد 35 ہے جس میں نئے گرڈ اسٹیشنوں کی تنصیب شامل ہے۔ میپکو نے نئے گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں کی تنصیب میں ماحولیاتی اعتراضات دور کرنے کے لئے محکمہ ماحولیات کی ہدایات کے مطابق عوامی سماعت کا اہتمام کیا جس میں عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس تقریب میں چیف انجینئر ڈویلپمنٹ میپکو جلال الدین ملک نے کہا کہ میپکو کے ٹرانسمیشن سسٹم کی استعداد میں اضافے کے لئے گرڈ اسٹیشنوں کے 14 مختلف منصوبے ایشین ڈویلپمنٹ بنک کے مالی تعاون سے مکمل کئے سے 132KV استعداد کار کا نیا گرڈ اسٹیشن لاڑ تعمیر کیا جائے گا جبکہ ضلع راجن پور میں 66KV فاضل پور اور ضلع ڈی جی خان میں 66KV شادن لنڈ گرڈ اسٹیشنوں کو اپ گریڈ کر کے 132KV کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں منعقدہ عوامی سماعت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ 132KV بہاولنگر، 220KV بہاولپور اور چشتیاں گرڈ اسٹیشنوں میں لائن بے (LINE BAY) کا اضافہ کیا جائے گا جبکہ گجرات ساؤتھ گرڈ اسٹیشن میں مزید بے (BAYS) تعمیر کی جائیں گی۔ خان پور، شجاع آباد، بونگا حیات، راجن پور، سمہ سٹہ اور لیاقت پور گرڈ اسٹیشنوں میں 26 ایم وی اے کے مزید پاور ٹرانسفارمرز نصب کئے جائیں گے اور فیروزہ گرڈ اسٹیشن میں 13 ایم وی اے کا پاور ٹرانسفارمر نصب کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ماحولیات ملتان ظفر اقبال نے کہا کہ میپکو کے

بقیہ صفحہ 17

# عزت سے ریٹائرمنٹ ہر دیانتدار ملازم کا خواب ہے۔ میاں افتخار احمد

## انتظامیہ ملازمین کی پنشن اور واجبات کی بروقت ادائیگی میں حائل رکاوٹیں دور کر رہی ہے۔ محمد نعیم اللہ

ریٹائر ہونے والے ملازمین کو عزت و احترام سے رخصت کرنا میپکو کی نہایت احسن روایت ہے۔ اسی سلسلہ میں گزشتہ دنوں میپکو میں ملازمت کا عرصہ پورا کرنے والے ملازمین کے اعزاز میں ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جن میں ان ملازمین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور انہیں ان کی پنشن بکس، واجبات کے چیک اور انعامات دیئے گئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد تھے۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سروس میں آنے والے ہر ملازم کو ایک دن ریٹائر ہونا ہے لیکن عزت سے ریٹائر ہونا ہر ایماندار اور فرض شناسی ملازم کا خواب ہوتا ہے۔ میپکو اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ ان تقاریب کے انعقاد کا مقصد ملازمین میں اس احساس کو اجاگر کرنا ہے کہ میپکو اپنے ملازمین کو ہر ممکن خیال رکھتی ہے۔ اس موقع پر منیجر ایچ آر ایم میپکو محمد نعیم اللہ نے کہا کہ اس تقریب کے انعقاد کی وجہ سے ملازمین کی پنشن کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو رہی ہیں اور ملازمین کو بروقت واجبات کی ادائیگی ممکن ہو رہی ہے۔ بعد ازاں ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد، منیجر ایڈمن ظفر اقبال اعوان اور ہائیڈرو یونین کے جنرل سیکرٹری ملک سعید احمد نے ریٹائر ہونے والے 15 ملازمین منظور احمد، فقیر محمد، نذیر احمد، نیاز احمد، اعجاز احمد چشتی، فیض محمد، بشیر احمد، رئیس بی بی، نجمہ بی بی، ساجدہ بی بی، نذیراں بی بی، شبیراں بی بی، زرینہ اور شہیرہ بی بی میں پنشن بکس، واجبات کے چیک اور تحائف تقسیم کیے۔

## امریکی کمپنی کی میپکو کو 25 ملین کے منصوبوں کی پیش کش

آئی آر جی نے ملازمین کی استعداد کار میں اضافے اور بجلی کی بچت کے منصوبوں میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ کمپنی کے نمائندوں گریسن سی ہیفنر اور مجاہد اقبال کو میپکو ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور چیف ایگزیکٹو میپکو کو بریفنگ دی۔ چیف انجینئر حافظ اشرف علی، مہر خان اور فنانس ڈائریکٹر مشتاق حسین بخاری نے انہیں میپکو کے مختلف شعبوں کی ورکنگ کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے پاور کنٹرول سنٹر کا بھی دورہ کیا۔ چیف ایگزیکٹو میپکو کی ہدایت پر یو ایس ایڈ کے نمائندوں کو انرجی کنزرویشن کے بارے میں میپکو کے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ وفد نے انرجی کنزرویشن وین میں گہری دلچسپی ظاہر کی اور سراہا۔ انہیں بتایا گیا کہ یہ وین پورے ریجن میں وزٹ کرتی ہے اور صارفین کو انرجی سیور، اچھی موٹروں کے استعمال اور موٹروں پر کپیسٹر نصب کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ وفد نے ایم اینڈ ٹی لیبارٹری اور ٹرانسفارمر زری کلیمیشن ورکشاپ کا بھی دورہ کیا۔



امریکی کمپنی یو ایس ایڈ کے نمائندے میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ اجلاس میں شریک ہیں۔
جس کی صدارت چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کی۔



چیف انجینئر میپکو مہر خان یو ایس ایڈ کے نمائندوں گریسن سی ہیفنر اور مجاہد اقبال کو انرجی کنزرویشن وین کے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں۔




ریٹائر ہونے والے ملازمین میں واجبات کی تقسیم کے لئے منعقدہ تقریب میں مہمان خصوصی ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد، منیجر ایڈمن ظفر اقبال اعوان
منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد اور ہائیڈرو یونین کے جنرل سیکرٹری ملک سعید احمد ملازمین میں واجبات کے چیک اور تحائف تقسیم کر رہے ہیں۔

# پاورلومز کے 13 فیڈرز کو لوڈشیڈنگ میں خصوصی ریلیف دیا جارہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو

## لوڈشیڈنگ کے کم ترین دورانیہ پر میپکو کے شکر گزار ہیں۔ خالق قندیل انصاری

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ایک صارف دوست ادارہ ہے اور اس کی انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے کہ اپنے صارفین کو ہر ممکن سہولیات بہم پہنچائے۔ مختلف نوعیت کے صارفین کے مختلف مسائل اور شکایات ہوتی ہیں۔ میپکو انتظامیہ اس امر سے بخوبی آگاہ ہے اور وہ صارفین کی تنظیموں اور ان کے نمائندوں سے قریبی روابط رکھتی ہے تاکہ اجتماعی مسائل کا حل مل جل کر نکالا جائے اور دونوں فریقین میں اچھے تعلقات قائم رہیں۔ میپکو ریجن میں افسران تاجران تنظیموں، پی سی جی اے، ٹیکسٹائل سیکٹر، فلور ملز ایسوسی ایشنز اور دیگر صنعتی اداروں کے نمائندہ افراد سے گاہے بگاہے ملاقات کرتے رہتے ہیں تاکہ نہ صرف ان کے مسائل کا حل نکل سکے بلکہ میپکو کے امور میں بھی ان کا تعاون شامل حال رہے۔ حال ہی میں پاورلومز ایسوسی ایشن کے وفد نے بھی اپنے سیکرٹری جنرل خالق قندیل انصاری کی سربراہی میں چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد سے ملاقات کی۔ چیف ایگزیکٹو میپکو نے انہیں بتایا کہ ہمارے لئے تمام صارف یکساں ہیں اور ہم سب کو سہولیات بہم پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں۔ چھوٹی انڈسٹریز کے مسائل حل کرنا میپکو کی اولین ترجیح ہے۔ بجلی کی کمی کے باوجود ہم پاورلومز کو 16 گھنٹے بجلی فراہم کررہے ہیں اور پاورلومز سے منسلک 13 فیڈرز کو خصوصی ریلیف دیا جارہا ہے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے پاورلومز صارفین کو بجلی فراہم کرنے والے اقبال نگر اور گلبرگ فیڈرز کی اپ گریڈیشن کے احکامات جاری کئے ہیں۔ انہوں نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ جن علاقوں میں پاورلومز صارفین کو کم وولٹیج کی شکایات ہیں وہاں فوری طور پر سسٹم اپ گریڈ کیا جائے۔ پاورلومز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری خالق قندیل انصاری نے مطالبہ کیا کہ پاورلومز کے صارفین کے لئے جنرل کمرشل ٹیرف سے انڈسٹری (B-1) ٹیرف پر منتقل ہونے کے لئے طریقہ کار وضع کیا جائے۔ جس پر چیف ایگزیکٹو نے کمرشل ڈائریکٹوریٹ کو ہدایت کی کہ وہ واپڈا قوانین کے مطابق انکو طریقہ کار سے آگاہ کریں۔ پاورلومز کے وفد نے لوڈ شیڈنگ کے دوران کم سے کم دورانیے پر عملدرآمد پر چیف ایگزیکٹو میپکو کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر میپکو شفقت اصغر طاہر، منیجر کمرشل چوہدری منظور حسین، منیجر آپریشن میپکو ملتان سرکل عبدالمجید رند، ڈپٹی منیجر پاور کنٹرول سنٹر میپکو مرزا محمد شریف، ڈپٹی منیجر آپریشن میپکو ممتاز آباد ڈویژن راؤ ضیاء الرحمن اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی جبکہ پاورلومز کی جانب سے حاجی بشیر احمد انصاری، محمد یونس انصاری، حاجی عبدالطیف، اختر علی انصاری، حاجی خلیل احمد، ثناء اللہ اور رانا محمد یامین موجود تھے۔

☆☆☆



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد پاورلومز ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات کررہے ہیں۔ اس موقع پر چیف انجینئر شفقت اصغر طاہر، ڈائریکٹر کمرشل چوہدری منظور حسین، منیجر آپریشن ملتان سرکل عبدالمجید رند، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز میپکو جمشید نیازی اور دیگر افسران موجود ہیں۔

## اعزازات

میپکو اتھارٹی نے اسسٹنٹ منیجر میپکو ملتان علی اکرم گجر کو واپڈا اسٹاف کالج اسلام آباد میں ہونے والے 69 ویں جونیئر مینجمنٹ کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر ایک ایڈوانس انکریمنٹ دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ جونیئر مینجمنٹ کورس 9 اکتوبر 2008ء سے 6 دسمبر 2008ء تک جاری رہا اور انہیں 7 دسمبر 2008ء سے انکریمنٹ دی ہے۔



★ ★ ★

اسسٹنٹ منیجر آپریشن میپکو نواں شہر سب ڈویژن جاوید اقبال وینس نے گلوبل ٹریننگ کنسلٹنگ لندن سے الیکٹریسٹی ریگولیٹری میٹرز اور ڈسٹری بیوشن ایشوز میں تربیت حاصل کر لی ہے۔ ٹریننگ 22-4-2009 سے 2-5-2009 تک جاری رہی۔



★ ★ ★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) سول ورکس ڈویژن کے سب انجینئر راؤ محمد افضل صابر نے 15 ویں ٹیکنیکل ریفریشر کورس میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ ریفریشر کورس 30 مارچ 2009ء سے 25 اپریل 2009ء تک واپڈا انجینئرنگ اکیڈمی فیصل آباد میں جاری رہا۔



★ ★ ★

# سی اینڈ ایم کمیٹی میپکو اور صارفین کے درمیان پُل کا کردار ادا کرے گی۔

ملک عامر ڈوگر
چیئرمین سی اینڈ ایم کمیٹی

رکن پنجاب اسمبلی و چیئر مین کوآرڈی نیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی برائے میپکو ملک عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی پیداوار بڑھانے کے لئے جنگی بنیادوں پر کام کر رہی ہے اور دسمبر 2009ء تک لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔ کوآرڈی نیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی صارفین اور میپکو کے مابین ایک پل کا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے یہ بات اراکین کمیٹی سیکرٹری تعلقات عامہ و رکن فیڈرل کونسل پاکستان پیپلز پارٹی خواجہ رضوان عالم اور صدر پاکستان پیپلز پارٹی ساہیوال محمد ذکی چوہدری کے ہمراہ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد سے ملاقات کے دوران کہی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کمیٹی کے اراکین کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس وقت میپکو ریجن میں بجلی کی ڈیمانڈ 2800 میگاواٹ ہے جبکہ شارٹ فال 620 میگاواٹ ہے۔ میپکو ریجن کے شہروں میں 4 سے 5 گھنٹے جبکہ دیہاتی علاقوں میں 6 سے 8 گھنٹے ہو رہی ہے اور میپکو میں پاور لومز کو 18 گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ ٹیکسٹائل سیکٹر میں شام 7 سے 12 بجے تک بجلی بند ہو رہی ہے۔ زرعی صارفین کو 8 سے 10 گھنٹے مسلسل دو مرتبہ سپلائی دی جاتی ہے تاکہ ٹیوب ویل کا پانی فصلوں تک پہنچ سکے۔ باقی انڈسٹری کو بھی 18 گھنٹے تک بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ رکن کمیٹی ذکی چوہدری نے کہا کہ اس کمیٹی کے قیام سے صارفین کے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اور میپکو کے مسائل بھی حکومت کی نظر میں لائے جائیں گے اس وقت بلنگ سے متعلق شکایات زیادہ نہیں ہیں اگر کوئی ہوئیں تو ہم اس پر کام کر کے اس کا ازالہ کرائیں گے۔ خواجہ رضوان عالم نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو بنیادی سہولیں فراہم



کوآرڈی نیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی برائے میپکو کے چیئرمین ایم پی اے ملک عامر ڈوگر اراکین کے ہمراہ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد سے ان کے دفتر میں ملاقات کر رہے ہیں۔

## دسمبر 2009ء تک لوڈشیڈنگ ختم ہو جائے گی۔ پچھلے سال کی نسبت 925 میگاواٹ بجلی کا اضافہ ہوا ہے۔

تک بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) مختلف پراجیکٹس پر ہنگامی بنیادوں پر کام کر رہی ہے اور دسمبر تک 3240 میگاواٹ بجلی سسٹم میں شامل کر لی جائے گی جس سے بجلی کی طلب اور رسد برابر ہو جائے گی اور لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے سال کی نسبت اس وقت 925 میگاواٹ زیادہ بجلی پیدا کرنے کی کوشش کی ہے اور ہمارے ہی دور میں بجلی پیدا کرنے کے نئے منصوبے لگائے گئے تھے اب بھی ہمارا عزم ہے کہ ہم ہر گھر کو روشن کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو نے کمیٹی کو یقین دلایا کہ وہ اور ان کی انتظامیہ صارفین کے مسائل حل کے لئے کمیٹی کی سفارشات کو اولین ترجیح دے گی۔

☆☆☆

# میپکو تنصیبات کے سیکورٹی انتظامات و حفاظتی تدابیر

تحریر: میجر (ر) انجم افروز رانا قائمقام ڈپٹی منیجر سیکورٹی

موجودہ ملکی صورتحال اور سیکورٹی خدشات اس بات کی غمازی کرتے ہیں کی دہشت گرد، ملک دشمن عناصر ملکی امن کو تباہ کرنے کے لئے میپکو کے اہم مقامات، تنصیبات اور رہائشی کالونیوں کو اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے نشانہ بنا سکتے ہیں۔ ایسی خراب صورتحال ہم سب سے زیادہ احتیاط برتنے اور مزید عملی حفاظتی اقدامات کی متقاضی ہے۔

مندرجہ ذیل احکامات پر تمام متعلقہ لوگ سختی سے عمل پیرا رہیں

☆ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تمام ذمہ داران و افسران قریبی اور فوری رابطہ میں رہیں۔ ☆ تنصیبات اور دفاتر میں موجود تمام لوگ خود بھی حفاظتی اقدامات کریں اور سیکورٹی گارڈز کے ساتھ مکمل تعاون کریں

☆ تنصیبات کے تمام مین گیٹ زنجیر اور تالے کے ساتھ اس طریقہ سے بند کیے جائیں کہ کوئی بھی شخص یا گاڑی بغیر چیکنگ اندر داخل نہ ہو سکے۔ ☆ تمام غیر متعلقہ افراد کا داخلہ سختی سے بند کر دیا جائے۔ ماسوائے باقاعدہ شناخت، شناختی کارڈ یا ذاتی شناخت کے اندراج کے کوئی بھی شخص کسی بھی دفتر تا تنصیبات میں داخل نہ ہو۔ ☆ کوئی بھی پرائیویٹ گاڑی بغیر مکمل چیکنگ کے اندر نہ آنے دی جائے اور شناخت و چیکنگ مکمل ہونے کے بعد گاڑی کو پارکنگ ایریا میں ہی کھڑے ہونے کی اجازت ہوگی۔ ☆ سیکورٹی گارڈز حفاظتی شیشے اور میٹل ڈیٹیکٹر کا استعمال لازمی کریں گے۔

☆ گرڈ اسٹیشن اور ویئر ہاوسز کی تمام لائٹس کام کی حالت میں اور مکمل درست ہوں گی۔ ☆ تنصیبات کی چار دیواروں کے ساتھ ساتھ لگی ہوئی تمام خاردار تاروں کا روزانہ صبح شام متعلقہ آفیسرز اور سیکورٹی گارڈز بلا تعطل معائنہ کریں

(بقیہ صفحہ 12 پر)

### جنوبی پنجاب پر بھرپور توجہ ہے۔ مسائل حل کریں گے۔ جمشید احمد دستی

# حکومت عام آدمی کو ریلیف دینے کے لئے اقدامات اٹھارہی ہے۔ سید خورشید شاہ

### شاہ جمال سب ڈویژن 18 ہزار صارفین کے مسائل مقامی طور پر حل کرنے کے لئے قائم کی گئی۔ حافظ اشرف علی

میپکو اتھارٹی نے صارفین کی سہولت کے لئے نئی ڈویژنوں اور سب ڈویژنوں کے قیام کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے تاکہ صارفین اپنی شکایات اور مسائل کا ازالہ مقامی طور پر کرواسکیں اور دور دراز کے سفر نہ کرنے پڑیں۔ مظفرگڑھ سرکل میں پہلے نئی علی پور ڈویژن قائم کی گئی اب جتوئی سب ڈویژن کو تقسیم کرکے شاہ جمال سب ڈویژن بنائی گئی ہے۔ گزشتہ ماہ اس کا افتتاح وفاقی وزیر برائے محنت وافرادی قوت سید خورشید احمد شاہ نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لئے بھرپور کوششیں کررہی ہے اور عام آدمی کو ریلیف دینے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ وفاق کے زیر انتظام اداروں کی خدمات عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے

سے نجات ملے گی۔ جمشید احمد خان دستی نے بتایا کہ انہوں نے مظفرگڑھ اور گردونواح کے نئے دیہات کو بجلی کی فراہمی کے لئے 289 سکیمیں منظور کرائی ہیں جن میں سے 103 سکیموں کے لئے 6 کروڑ روپے فنڈز مل گیا ہے اور جلد ہی کام شروع کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب لوگوں کو مقامی طور پر میٹر، ٹرانسفارمر اور کھمبے میسر ہوں گے۔ اس موقع پر چیف انجینئر میپکو حافظ اشرف علی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شاہ جمال میں تقریباً 18 ہزار صارفین ہیں جنہیں سب ڈویژن کی خدمات میسر آئیں گی ۔ ان صارفین کو 132KV ماہڑا خاص گرڈ اسٹیشن سے 11KV کے پانچ فیڈرز بجلی سپلائی کریں گے جن میں شاہ جمال، موونڈ کا، دیوالہ، میراں پور اور دانی

### نئے کنکشنوں کی فراہمی جلد از جلد مکمل کی جائے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو

چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا ہے کہ میپکو افسران اور اہلکار اس ماہ زیادہ وقت فیلڈ میں گزاریں اور اچھے نتائج کے حصول کے لئے دن رات جدوجہد کریں۔ میپکو ہیڈکوارٹر ملتان میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں انہوں نے میپکو ریجن کے تمام منیجرز آپریشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے سرکلز میں کام نہ کرنے والے افسران اور ملازمین کے خلاف سخت ایکشن لیں اور میپکو ہیڈ کوارٹر کو رپورٹ ارسال کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریکوری کے لئے ہرممکن جدوجہد کی جائے اور نادہندگان کے کنکشن فوری طور پر منقطع کردیئے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اے سی استعمال کرنے والے صارفین کی دوبارہ پڑتال کرائیں اور ان کے میٹر سکیور کیے جائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صارفین کی نئے



وفاقی وزیر برائے محنت وافرادی قوت سید خورشید شاہ اور ایم این اے جمشید احمد خان دستی جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں۔
دوسری طرف وفاقی وزیر شاہ جمال سب ڈویژن کا افتتاح کرنے کے لئے آرہے ہیں۔


لئے حکومت سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے یہ بات شاہ جمال مظفرگڑھ میں میپکو کی نئی سب ڈویژن کے افتتاح کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ نئی سب ڈویژن کے قیام سے علاقے کے لوگوں کے مسائل مقامی طور پر حل ہوں گے۔ مظفرگڑھ سے ایم این اے جمشید احمد خان دستی نے کہا کہ حکومت جنوبی پنجاب کی محرومی کے ازالے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ مظفرگڑھ اور گردونواح کے صارفین کو سہولیات کی فراہمی کے لئے پہلے علی پور ڈویژن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور اب شاہ جمال سب ڈویژن قائم کی گئی ہے جس سے شاہ جمال کے لوگوں کے بجلی سے متعلق مسائل یہیں حل ہوں گے اور علی پور اور مظفرگڑھ کے سفر

شامل ہیں اس سب ڈویژن کے قیام سے جن علاقوں کے صارفین کو سہولیات میسر آئیں گی ان میں عثمان پور، میراں پور، مہرپور، چک فور، وال وٹ، شاہ جمال، دانی اور موونڈ کا سمیت دیگر علاقے شامل ہیں۔ وفاقی وزیر نے تختی کی نقاب کشائی کی اور فیتہ کاٹ کر سب ڈویژن کی عمارت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر محمد مہر خان، پراجیکٹ کنسٹرکشن اقبال خان، منیجر آپریشن میپکو سرکل مظفرگڑھ محمد یوسف منگی، ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ڈپٹی منیجرز میپکو خواجہ اورنگزیب صدیقی، ناصر ایاز گورمانی، اسسٹنٹ منیجرز منظور حسین سرانی، منیر قریشی ودیگر موجود تھے۔

کنکشنوں کے لئے دی ہوئی درخواستوں پر فوری طور پر کارروائی کی جائے۔ میپکو میں میٹریل کی کمی نہیں ہے لہٰذا 30 جون 2009ء تک تمام ڈیمانڈ نوٹس جمع شدہ درخواستوں پر میٹرز لگادیئے جائیں۔ انڈسٹریل کنکشن کی تنصیب میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خراب میٹرز کو فوری طور پر تبدیل کیا جائے اور اس کی رپورٹ بھی روزانہ کی بنیاد پر ہیڈکوارٹر ارسال کی جائے۔ اجلاس میں کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی، منیجر کمرشل چوہدری منظور حسین، منیجر آپریشن ملتان سرکل عبدالمجید رند، مظفرگڑھ سرکل محمد یوسف منگی، ڈی جی خان سرکل متین خان، بہاولپور سرکل نوید انجم آرائیں، ساہیوال سرکل محمد امین گل، بہاولنگر سرکل محمد اجمل غفاری، وہاڑی سرکل سلیم شمس، رحیم یار خان سرکل شمس الدین کاکے پوٹو بھی موجود تھے۔

# 65 لاکھ انرجی سیورز کی تقسیم ـــــ صارفین کی خدمت بھی، بجلی کی بچت بھی

ملک میں بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب اس امر کا تقاضا کرتی ہے کہ بجلی کی پیداوار بڑھائی جائے مگر اس کے ساتھ ساتھ بجلی کی بچت بھی وقت کا تقاضا ہے۔ کیونکہ بجلی کی بچت ہی طلب و رسد کے فرق کو مٹا کر لوڈ شیڈنگ سے نجات کا فوری ذریعہ ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں بھی جہاں پر بجلی کی پیداوار طلب سے کہیں زیادہ ہے بجلی کی بچت کی اہمیت کا احساس کر لیا گیا ہے اور حکومتیں عوام میں بجلی و توانائی کے دیگر ذرائع کے کفایتی استعمال کا شعور عوام میں اجاگر کرنے کی مہم چلا رہی ہیں۔ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے تعاون سے اپنے صارفین میں 65 لاکھ انرجی سیور بلب مفت تقسیم کرے گی۔ اس ضمن میں بینک سے معاہدہ طے پا گیا ہے اور بلب آئندہ چند مہینوں میں موصول ہو جائیں گے۔ میپکو ابتدائی طور پر یہ بلب ان صارفین میں تقسیم کرے گی جو انرجی سیور بلب خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے اور کم قیمت عام بلب استعمال کر رہے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے یہ بات میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے چیف انجینئر ڈویلپمنٹ، ڈائریکٹر کسٹمر سروسز اور چیف انجینئر آپریشن ڈسٹری بیوشن کو ہدایت کی کہ ان انرجی سیور بلب کی سٹوریج اور ان کی حقدار صارفین کے گھروں میں تنصیب کو یقینی بنانے کے لئے تجاویز تیار کریں۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی طور پر ان صارفین کے گھروں میں یہ بلب نصب کئے جائیں جن کا ماہانہ بل 50 یونٹ تک آتا ہے اور ان کی تنصیب کے لئے فول پروف سسٹم تیار کیا جائے۔ اجلاس میں کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی، چیف انجینئر ڈسٹری بیوشن محمد مہر خان، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ جلال الدین ملک اور دیگر افسران نے شرکت کی۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد میپکو ہیڈ کوارٹر میں انرجی سیور بلب کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

# میپکو بہاولپور، ڈی جی خان اور ساہیوال میں ملازمین کے لئے رہائشی کالونیوں کی تعمیر پر غور کر رہی ہے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد

ملازمین کو موٹر سائیکلوں کی فراہمی کے لئے حاصل کئے گئے 35 ملین کے قرض کی آخری قسط ادا کر دی گئی۔

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے ملازمین کو موٹر سائیکلیں فراہم کرنے کے لئے فیصل بنک سے لیا گیا 35 ملین کا قرضہ واپس کر دیا ہے۔ گزشتہ روز میپکو ہیڈ کوارٹر میں چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے فیصل بنک ملتان کے سربراہ ابرار چیمہ کو قرض کی آخری قسط مبلغ 15 لاکھ روپے کا چیک دیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کہا کہ میپکو اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ فیصل بنک سے لئے گئے اس قرض سے 613 ملازمین کو موٹر سائیکلیں آسان اقساط پر دی گئیں ہم بنک کے مشکور ہیں جس نے ملازمین کو اس سہولت کی فراہمی میں ہمارے ساتھ تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو بہاولپور، ڈی جی خان اور ساہیوال میں ملازمین کے لئے رہائشی کالونیوں کی تعمیر پر بھی غور کر رہی ہے۔ اس موقع پر فنانس ڈائریکٹر مشتاق حسین بخاری نے بتایا کہ میپکو نے 2003ء میں فیصل بنک سے 613 موٹر سائیکلوں کی ملازمین کو فراہمی کے لئے 35 ملین روپے کی فنانسنگ کروائی تھی اور ملازمین نے 4 سال کی آسان اقساط میں اس کی ادائیگی کی ہے۔ بیشتر ملازمین کو ٹرانسفر لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں اور باقی ملازمین کو اب آخری قسط کی ادائیگی کے بعد جاری کر دیئے جائیں گے۔ بنک انتظامیہ نے یقین دلایا کہ آئندہ بھی میپکو کے ساتھ مختلف منصوبوں میں تعاون جاری رہے گا۔ اس تقریب میں منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد، اسسٹنٹ منیجر اکاؤنٹس خالد سلیم اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی جبکہ فیصل بنک سے ظفر احمد، سرفراز احمد اور محمد سجاد بھی شریک ہوئے۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد سربراہ فیصل بنک ملتان ابرار شاہ کو موٹر سائیکل سکیم کے لئے قرض کی آخری قسط کا چیک دے رہے ہیں۔

★★★

# میپکو ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے میپکو انتظامیہ کے اقدامات

ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد نے کہا ہے کہ میپکو اپنے ملازمین کی بہتری اور فلاح و بہبود کے لئے ہردم کوشاں ہے۔ میپکو اپنے ملازمین کی خدمات اور بہترین کارکردگی کو تسلیم کرتے ہوئے ان کی زیادہ سے زیادہ تشفی اور بہتر سہولیات مہیا کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے کہ رواں سال 2009ء میں 9 ایسے ملازمین کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی گئی ہیں جنہوں نے جانفشانی اور بھرپور دیانتداری سے فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے دوران ڈیوٹی لائنوں پر کام کرتے ہوئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔

ایک قدم اور آگے بڑھاتے ہوئے پیپکو انتظامیہ نے 10-04-2009 کو یہ فیصلہ کیا کہ 13-06-2009 کے بعد ایسے ملازمین جو دوران سروس کسی بھی وجہ سے فوت ہو چکے ہیں ان کے بھی ایک بچے کو اس کی تعلیمی قابلیت کے مطابق فوراً ملازمت پر رکھا جائے گا۔ اس فیصلے کی روشنی میں میپکو انتظامیہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ہنگامی بنیادوں پر 72 دوران سروس فوت شدہ ملازمین کے بچوں کو رواں سال 2009 میں بھرتی کیا ہے تاکہ ان کے اہل خانہ کے دکھوں کا کسی حد تک ازالہ ہو سکے۔

میپکو انتظامیہ اپنے ملازمین کی بہتری اور فلاح و بہبود کا یہ مشن جاری و ساری رکھے گی تاکہ ان کے ملازمین کی مکمل تشفی ہو سکے اور وہ اپنے فرائض منصبی جانفشانی، ایمانداری اور یگانگت کے ساتھ سرانجام دیتے رہیں۔

## میپکو ملازمین اور بیواؤں کی فلاح و بہبود

میپکو اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور مختلف بہبودی گرانٹس کے ذریعے ان کی مالی معاونت کرتا ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہے:

1۔ حاضر سروس ملازم کی ایک بیٹی کی شادی پر بیوہ خواتین اور معذور ملازمین کی دو بیٹیوں کی شادیوں کے لئے 20 ہزار روپے میرج گرانٹ دی جاتی ہے۔

2۔ ماہانہ گرانٹ بیوہ خواتین اور معذور ملازمین اور ملازمین کے معذور بچہ/بچی کو دی جاتی ہے۔

3۔ ملازمین کے بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت اور شاندار کارکردگی پر وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔

میپکو انتظامیہ نے سال 2009ء میں ملازمین کی فلاح کے لئے مندرجہ بہبود الاؤنس جاری کئے ہیں۔

| 1۔ گرانٹ کی قسم | سکالرشپ گرانٹ |
|---|---|
| ملازمین کی تعداد | 84 |
| کل رقم | 2,18,630 |
| ماہانہ گرانٹ | 61 |
| کل رقم | 51,960 |
| میرج گرانٹ | 491 |
| کل رقم | 89,95,000 |

## میپکو ملازمین کو محکمانہ قرضوں کا اجراء

میپکو ملازمین کی سہولت کے لئے گزشتہ سالوں کی طرح امسال بھی لمبی مدت کے قرضوں کا اجراء کیا گیا ہے۔ اس مد میں 103 ملازمین کو 85 لاکھ روپے دیئے گئے ہیں جن کو چار مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ ملازمین آسان اقساط پر قرضہ حاصل کر سکیں۔ اس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

| نمبر شمار | قرضے کا مقصد | تعداد ملازمین |
|---|---|---|
| 1 | گھر کی تعمیر و مرمت | 34 |
| 2 | پلاٹ کی خریداری | 33 |
| 3 | موٹر کار کی خریداری | 4 |
| 4 | موٹر سائیکل کی خریداری | 32 |

## محکمانہ ترقی/کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی/سکیل میں اضافہ:

دوسری کمپنیوں کی طرح میپکو بھی ملازمین کی فلاح و بہبود کے بے شمار کام کر رہی ہے جس میں ملازمین کی ترقیاں اور کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کیا جانا شامل ہے۔

محکمہ ہر سال اپریل اور اکتوبر میں مختلف عہدوں پر پروموشن، ریگولرائزیشن اور اپ گریڈیشن بورڈ منعقد کرواتا ہے۔ رواں سال ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد اور منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ کی سربراہی میں پروموشن، ریگولرائزیشن اور اپ گریڈیشن بورڈز منعقد ہوئے۔ اس میں 134 ملازمین کو ترقی دی گئی۔ 376 ملازمین کو مستقل کیا گیا اور 12 ملازمین کے سکیل اپ گریڈ کئے گئے ہیں۔

**قارئین متوجہ ہوں!**

میپکو افسران و ملازمین کے مضامین بھی میپکو میگ میں شامل کئے جائیں گے تمام افسران و ملازمین کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی تجاویز و آراء اور محکمہ کے مختلف شعبوں کی کارکردگی کو اجاگر کرتی ہوئی اچھی، جامع اور بامقصد تحریریں اپنی تصاویر کے ساتھ بنام ڈپٹی منیجر شعبہ تعلقات عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر خانیوال روڈ ملتان کے پتہ پر ارسال کریں

مزید معلومات کیلئے: 061-9210365

## ملتان میں انٹر یونٹ ایونٹس کے انعقاد سے کھلاڑیوں کو تجربہ حاصل ہوا ہے۔ میاں افتخار احمد

# میپکو سپورٹس کمیٹی اپنے کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات مہیا کر رہی ہے۔ حافظ اشرف علی

## چیف ایگزیکٹو میپکو نے اچھی کارکردگی پر اوشنا سہیل کو 30ہزار اور مہک کھوکھر کو 10ہزار روپے انعام دیا۔

کسی بھی معاشرے کی تعمیر وترقی میں کھیل بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کھیلوں کی بدولت معاشرے کو ذہنی اور جسمانی طور پر چست اور توانا افراد میسر آتے ہیں جو اپنی صلاحیت سے ملک وقوم کو ترقی سے بہرہ مند کرتے ہیں۔کھیلوں میں دلچسپی اور لگاؤ کا تناسب ایک معاشرے یا قوم کی مثبت انداز فکر کو بھی ظاہر کرتا ہے جس سے ہمیں کھیلوں کی ہمہ جہت اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔میپکو اسی سوچ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے وسائل میں سے قابل ذکر حصہ کھیلوں کے فروغ اور کھلاڑیوں کی سرپرستی میں استعمال کرتا ہے اور ایک صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔میپکو میں اسی سوچ کے تحت مختلف کھیلوں کی ٹیمیں بنائی گئی ہیں جن کے کھلاڑی نیشنل اور انٹرنیشنل سطح پر اپنے کھیل کا مظاہرہ کر کے ادارے کا نام روشن کر رہے ہیں ۔میپکو میں کھلاڑیوں اور ٹیموں کی سرپرستی میپکو سپورٹس کمیٹی کرتی ہے اس کے انتظامی ڈھانچے میں سرپرست اعلیٰ چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، صدر کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی، نائب صدر ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد ،سیکرٹری سپورٹس کمیٹی /منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ اور سپورٹس آفیسر میپکو شرافت علی شامل ہیں۔



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد، صدر میپکو سپورٹس بورڈ حافظ اشرف علی، سابق سپورٹس آفیسر میپکو آفتاب رضوی، پرنسپل کمپری ہینسو سکول ملتان مسز زیب اقبال ملک بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے موقع پر کھلاڑیوں میں انعامات اور تحائف تقسیم کر رہے ہیں۔

آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ 09-2008ء ملتان میں منعقد ہوا جس میں وومینز ٹیم ایونٹ میں میپکو سرفہرست رہی۔لاہور دوسرے، فیسکو تیسرے اور چوتھے نمبر پر رہی۔ ویمنز ڈبل ایونٹس میں لیسکو نے پہلی، میپکو نے دوسری، فیسکو نے تیسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کی ۔ وومینز سنگل ایونٹس میں میپکو کی اوشنا سہیل نے پہلی، لیسکو کی سارہ محبوب نے دوسری، فیسکو کی صبا عزیز نے تیسری اور میپکو کی مہک کھوکھر نے چوتھی پوزیشن حاصل کی ۔آفیسرز سنگل ایونٹس میں میپکو نے پہلی پوزیشن حاصل کی ۔آفیسرز ڈبل ایونٹس میں میپکو نے پہلی، فیسکو نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ مینز ڈبل ایونٹس میں لیسکو نے پہلی، فیسکو نے دوسری اور میپکو نے تیسری پوزیشن لی۔



آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ لان ٹینس ٹورنامنٹ میں کامیابی میں پہلی پوزیشن لینے کے بعد میپکو کھلاڑیوں کا چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد اور دیگر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 09-2008ء ملتان میں منعقد ہوا جس میں لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے کامیابی حاصل کی ۔ مین ڈبل ایونٹس کے فائنل مقابلے میں لیسکو کے واجد علی اور وقاص نے فیسکو کے عمران مہیب اور عامر اسلام کو 27-29اور 16-21 سے ہرا کر انٹر یونٹ جیت لیا۔آفیسرز سنگل ایونٹس میں لیسکو نے پہلی اور گیپکو نے دوسری پوزیشن حاصل کی ۔آفیسرز ڈبل ایونٹس میں گیپکو نے پہلی اور لیسکو نے دوسری، مین سنگل ایونٹس میں لیسکو نے پہلی اور این ٹی ڈی سی نے دوسری پوزیشن لی۔ مین ٹیم ایونٹس میں ونر لیسکو، رنراپ فیسکو اور تیسری پوزیشن گیپکو نے حاصل کی ۔ ویمنز ڈبل ایونٹس میں این ٹی ڈی سی نے پہلی اور میپکو نے دوسری پوزیشن لی۔ ویمن سنگل ایونٹس میں این ٹی ڈی سی نے پہلی اور لیسکو نے سیکنڈ، ویمنز ٹیم ایونٹس میں لیسکو پہلے، این ٹی ڈی سی دوسرے اور میپکو تیسرے نمبر پر رہی۔ آل پاکستان واپڈا انٹر یونٹ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں میزبان ٹیم ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے علاوہ واپڈا کی دوسری ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی ٹیموں لیسکو (لاہور)، فیسکو (فیصل آباد)، گیپکو (گوجرانوالہ)، این ٹی ڈی سی، جینکو (واپڈا)، ہائیڈل (واپڈا)، پیسکو (پشاور)، حیسکو (حیدر آباد) اور کیسکو (کوئٹہ) کی ٹیموں نے شرکت کی۔

# محکمہ کی ترقی کے لئے لیبر یونین کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے چیف ایگزیکٹو میپکو

## تمام ملازمین دیانتداری اور دل جمعی سے کمپنی کی ترقی کے لئے دن رات محنت کریں۔ مرکزی جنرل سیکرٹری یونین خورشید خان

کسی بھی ادارے کی انتظامیہ اور اس کے ورکرز کے مابین بہتر ورکنگ ریلیشن شپ اس ادارے کی کامیابی کا باعث بنتی ہے۔ میپکو میں سی بی اے یونین اور انتظامیہ کے مابین اچھے تعلقات کے فروغ اور ملازمین کے مسائل کے فوری حل کے لئے ورکس کونسل کا اجلاس باقاعدگی سے منعقد کیا جارہا ہے۔ ورکس کونسل کے حالیہ اجلاس میں میپکو کی سی بی اے یونین کا وفد پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک سنٹرل لیبر یونین کے مرکزی جنرل سیکرٹری خورشید احمد خاں کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد نے کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ میپکو

## فیلڈ سٹاف لائن لاسز کم کرنے اور ریکوری بڑھانے کے لئے سخت محنت کرے۔

اپنے ملازمین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کررہی ہے اور ملازمین کے بچوں کو ملازمتیں فراہم کی جارہی ہیں۔ انہوں نے 13 جون 2006ء کے بعد طبعی طور پر وفات پانے والے 15 ملازمین کے بچوں میں تقرر نامے تقسیم کئے۔ واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک سنٹرل لیبر یونین کے مرکزی جنرل سیکرٹری خورشید احمد خاں نے ملازمین کے مسائل پیش کرتے ہوئے کہا کہ دفاتر میں فرنیچر اور واٹر کولرز فراہم کئے جائیں۔ گاڑیوں پر سرچ لائٹ لگوائی جائے۔ ہر ڈویژن میں کرین فٹڈ گاڑیاں فراہم کی جائیں۔ پی سی پول کے آخر میں سٹرکچر پول لگایا جائے۔ ٹی آف پر چینل نہیں وڈن کراس لگایا جائے۔ جی ایس او سرکل ساہیوال کو کرین فراہم کی جائے۔ چیف ایگزیکٹو میپکو نے کہا کہ ملازمین



چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد جوائنٹ ورکس کونسل کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔ ہائیڈرو یونین کے جنرل سیکرٹری خورشید احمد بھی موجود ہیں۔

کے تمام مطالبات پورے کریں گے۔ پی سی پول کے آخر میں سٹرکچر پول لگائے جائیں گے تاکہ حادثات کی شرح میں کمی ہو۔ جی ایس او سرکل میں کرین کا مسئلہ بھی حل کیا جائے گا۔ اجلاس میں جن ملازمین کے بچوں کو بھرتی کے آرڈرز دیئے گئے ہیں ان میں محمد عمران جونیئر کلرک، محمد اعظم اور عتیق الرحمٰن بل ڈسٹری بیوٹر، محمد رشید، عبدالرشید، اظہر جمال، آصف منظور اور یاسر علی اسسٹنٹ لائن مین، مسز حسینہ بیگم، عبدالروف، اللہ دتہ نائب قاصد محمد عابد ہیلپر ایم

## یونین عہدیداران کمپنی کے رزلٹ بہتر کرنے میں انتظامیہ کی مدد کریں۔

اینڈ ٹی، غضنفر عباس اور عبدالوحید چوکیدار، فیصل ندیم سوئپر شامل ہیں۔ آخر میں یونین کے سیکرٹری جنرل نے چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد اور ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ملازمین کے مسائل دلچسپی سے سنے اور موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ انہوں نے اپنے عہدیداران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں جاکر اپنے ورکرز کی حوصلہ افزائی کریں اور انہیں کہیں کہ وہ دل لگا کر کام کریں اور اچھے رزلٹس دیں تاکہ ان کا ادارہ ترقی کرے اور سب خوشحال ہوں۔ اجلاس میں کسٹمر سروسز ڈائریکٹر حافظ اشرف علی، ایچ آر اینڈ ایڈمن ڈائریکٹر میاں افتخار احمد، فنانس ڈائریکٹر مشتاق حسین بخاری، منیجر ایچ آر ایم محمد نعیم اللہ، منیجر ایڈمن ظفر اقبال اعوان، اشتیاق احمد اور ڈپٹی منیجر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی جبکہ ہائیڈرو یونین کے عہدیداروں سجاد شاہ، مرزا نوید بیگ، ملک سعید احمد، غلام رسول گجر، محبوب عالم نقوی، چوہدری یونس، سجاد بلوچ و دیگر نے شرکت کی۔

☆☆☆

### بقیہ (سیکورٹی انتظامات)

☆ ہر منیجر اپنے ذمہ داری کے علاقہ میں ایک گاڑی اور چند گارڈز "موبائل سیکورٹی" کے طور پر مقرر کردیں۔ ☆ اسلحہ اور ہتھیار بمعہ گولیوں کے تمام سیکورٹی گارڈز ہروقت تیار اور قابل استعمال حالت میں رکھیں گے۔ آپ سب سے ایک بار پھر درخواست ہے کہ اپنے دفتر، علاقہ، گھر اور تنصیبات کی مکمل حفاظت کے لئے سیکورٹی حکام سے مکمل تعاون فرمائیں۔

"آپ کی حفاظت سب سے مقدم"

# شوکاز نوٹسز

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
پاور کنٹرول سنٹر میپکو ہیڈکوارٹر ملتان کے
اسسٹنٹ منیجر دلاور عباس

آپ 18 اگست 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
کمپیوٹر سنٹر ساہیوال کے
ڈیٹا انٹری آپریٹر شعیب جاوید

آپ 13 اگست 2007ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
سب ڈویژن ہیڈ راجکاں کے
سٹینوگرافر گریڈ سیکنڈ محمد وسیم قادری

آپ یکم اپریل 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
سب ڈویژن ہیڈ راجکاں کے
لوئر ڈویژنل کلرک (ایل ڈی سی) محمد وقاص اکرم

آپ یکم اپریل 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
نور پور سب ڈویژن پاکپتن کے
اسسٹنٹ منیجر آپریشن سید محمد ظفر شاہ

آپ 13 ستمبر 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
سول لائن سب ڈویژن خانیوال کے
میٹر ریڈر ناصر حسین

آپ 27 اپریل 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (آپریشن)
میپکو خانیوال ڈویژن

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
سرکل ڈی جی خان کی
جونیئر کلرک مس نجمہ نذیر

آپ 27 مئی 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (ایڈمن)
میپکو ہیڈکوارٹر ملتان

★★★

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو)
بوسن روڈ سب ڈویژن ملتان کے
اسسٹنٹ لائن مین مظفر علی

آپ 18 اگست 2008ء سے اپنی ڈیوٹی سے دانستہ طور پر غیر حاضر ہیں۔ بذریعہ نوٹس آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اندریں سات یوم ڈیوٹی پر حاضر ہوں بصورت دیگر آپ کے خلاف سپیشل پاور آرڈیننس 2000ء کے تحت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: ڈپٹی منیجر (آپریشن)
میپکو بہاءالدین زکریا ڈویژن ملتان

★★★

بقیہ

## شعبہ ڈویلپمنٹ

منصوبے نہایت خوش آئند ہیں۔ بجلی دور حاضر کی ضرورت ہے اور لاڑ گرڈ اسٹیشن کی تعمیر، فاضل پور اور شادن لنڈ گرڈ اسٹیشنوں کی استعداد کار میں اضافے سے اگر کسی آدمی کو کوئی مسئلہ ہوتو وہ تحریری یا زبانی طور پر آگاہ کرے تاکہ اس کی شکایت کو دور کیا جاسکے۔ منیجر ڈویلپمنٹ میپکو افضال سعید نے کہا کہ مجوزہ علاقوں کے رہائشیوں کو ان منصوبوں سے آگاہ کیا گیا ہے پھر بھی اگر کسی آدمی کو کوئی شکایت ہوتو اسے دور کیا جائے گا۔ ان پراجیکٹس کی تکمیل سے فورس لوڈشیڈنگ کو روکنے میں مدد ملے گی۔ اسسٹنٹ منیجر انوائرمنٹ میپکو آصف ریاض نے کہا کہ میپکو نے منصوبوں میں ماحولیاتی قواعد کا خیال رکھا ہے جس سے کسی قسم کا کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوگا۔ تقریب میں فنانس ڈائریکٹر مشتاق حسین بخاری، منیجر کارپوریٹ اکاؤنٹس میاں انصار احمد، منیجر فنانس جہانگیر بھٹہ، منیجر پی اینڈ ڈی پی اے شاہد، ڈپٹی منیجر جمشید نیازی، چوہدری محمد اشرف، عبدالجبار، مدثر شاہ، چوہدری خادم حسین اور اسسٹنٹ منیجر ٹی اینڈ جی ریحان عادل بھی موجود تھے۔

# واپڈا ہسپتال ملتان

تحریر: ڈاکٹر انوار احمد
ایم ایس واپڈا ہسپتال ملتان

## تعارف

1982ء میں قائم ہونے والی ایک چھوٹی سی ڈسپنسری ایک جہد مسلسل اور ترقی کے عمل سے گزر کر آج جدید ترین واپڈا ہسپتال کی صورت میں ہمارے سامنے ہے۔ اس ڈسپنسری کو آج کے جدید ہسپتال میں ڈھالنے کا کریڈٹ بجا طور پر میپکو انتظامیہ اور میڈیکل ڈائریکٹوریٹ کو جاتا ہے۔ 1986ء میں لیبارٹری اور ایکسرے کے اضافہ کے بعد اسے فورٹیفائیڈ ڈسپنسری میں تبدیل کر دیا گیا۔ بعد میں اس کو 10 بستروں کے اضافہ کے ساتھ ہسپتال کا درجہ دے دیا گیا۔ بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر 2000ء میں 90 لاکھ روپے کی لاگت سے ہسپتال میں ایک نئے بلاک کا اضافہ کیا گیا۔ 2003ء میں ایک مکمل 50 بستروں کے ہسپتال کے قیام کی منظوری دی گئی۔ یہ منصوبہ 2007ء کے وسط میں مکمل ہوا جس پر 3 کروڑ روپے لاگت آئی اور اب ایک جدید ہسپتال کی صورت میں میپکو اور واپڈا کے ملازمین کو صحت اور معالجے کی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ اس وقت ہسپتال میں درج ذیل شعبے کام کر رہے ہیں۔

### 1۔ ایمرجنسی

ایمرجنسی وارڈ میں 24 گھنٹے مریضوں کے علاج کے لئے ڈاکٹر اور نرسنگ سٹاف موجود ہے۔ ایمرجنسی میں تمام ضروری آلات مثلاً کارڈیک مانیٹر (Cardiac Monitor)، ڈی فبری لیٹر (Defibrilator) اور اس کے علاوہ دیگر ایمرجنسی آلات اور مشینیں موجود ہیں۔ نیز ایک چھوٹا ایمرجنسی آپریشن تھیٹر بھی موجود ہے۔ ایمرجنسی میں اس وقت 7 مریضوں کے داخلے کی گنجائش ہے۔

### 2۔ OPD

بیرونی مریضوں کے ڈیپارٹمنٹ OPD میں تقریباً 300 سے 400 مریض روزانہ دیکھے جاتے ہیں اور سپیشلسٹ ڈاکٹروں کے علاوہ دو لیڈی میڈیکل آفیسرز اور دو میل میڈیکل آفیسرز موجود رہتے ہیں۔

### 3۔ آپریشن تھیٹر

ہسپتال میں اس وقت 3 آپریشن تھیٹر کام کر رہے ہیں۔ دو تھیٹر سرجری اور گائنی کے لئے اور ایک آنکھوں کے لئے۔ یہاں پر جدید ترین امپورٹڈ مشینیں دستیاب ہیں۔ ان تھیٹروں کی تعمیر اور مشینوں کی تنصیب پر تقریباً ایک کروڑ روپے لاگت آئی ہے

### 4۔ آئی سی یو (ICU)

انتہائی نگہداشت کا شعبہ کسی بھی ہسپتال میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ 6 بستروں پر مشتمل ICU اس وقت ایک بہترین یونٹ کی مثال پیش کرتا ہے۔ یہاں پر مریضوں کے لئے (Remote Control Bed)، مصنوعی تنفس کی مشین، کارڈیک مانیٹر، ڈی فبری لیٹر، سنٹرل آکسیجن سپلائی اور دیگر اہم سہولیات بہم پہنچائی گئی ہیں۔

### 5۔ لیبارٹری اور ایکسرے

تمام بنیادی ٹیسٹوں کے لئے جدید کمپیوٹرائزڈ مشینری دستیاب ہے۔

### 6۔ بہبود آبادی سنٹر

خواتین کو بہبود آبادی پروگرام سے روشناس کرانے کے لئے ہمہ وقت ٹرینڈ سٹاف موجود ہے۔

### 7۔ جنرل وارڈ اور آفیسر وارڈ

جنرل وارڈ میں 35 بیڈ اور آفیسر وارڈ میں 9 کمرے دستیاب ہیں۔

### 8۔ عملہ

واپڈا ہسپتال میں اس وقت تقریباً 140 افراد پر مشتمل عملہ کام کر رہا ہے۔ جن میں 7 سپیشلسٹ اور 11 جنرل ڈیوٹی ڈاکٹرز شامل ہیں۔ تمام ڈاکٹرز بہترین فنی قابلیت کے حامل ہیں۔ پیرامیڈیکل سٹاف اور ایڈمن سٹاف میں 122 افراد شامل ہیں

### 9۔ کارکردگی اور علاج معالجہ کی تفصیلات


واپڈا ہسپتال میں میپکو، جینکو III۔ این ٹی ڈی سی اور واپڈا کے رجسٹرڈ مریضوں کی تعداد:

| | |
|---|---|
| گرین بک: | 3200 |
| وائٹ بک: | 1500 |

اوسطاً ایک گرین بک پر 4 افراد کو شمار کرتے ہوئے تقریباً 18000 افراد ان سہولیات سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔

2008ء میں کارکردگی کا جائزہ

| | |
|---|---|
| OPD مریضوں کی تعداد: | 98890 |
| لیبارٹری ٹیسٹ: | 60000 |
| داخلہ (Indoor): | 590 |



| | |
|---|---|
| کل آپریشن: | 476 |
| ایمرجنسی مریضوں کی تعداد: | 7160 |

### 10۔ مستقبل کے پلان

| | |
|---|---|
| نرسنگ ہوسٹل کی تعمیر: | تکمیل کے مراحل میں |
| بیچلر ڈاکٹر ہوسٹل کی تعمیر: | فزیبلٹی مکمل |
| ہسپتال کے لئے منی ٹیلی فون ایکسچینج: | منظوری حاصل کر لی گئی ہے۔ |

ایک نئی ایئر کنڈیشنڈ ایمبولنس حاصل کر لی گئی ہے۔

مریضوں کو مختلف امراض کے بارے میں معلوماتی پروگرام۔ اس سلسلے میں ہیپاٹائٹس، بریسٹ کینسر اور شوگر کے امراض پر سیمینار منعقد کئے جا چکے ہیں۔

مزید شعبوں کا قیام جن میں بچوں کے امراض، ناک، کان، گلا اور دل کے امراض کے لئے سپیشلسٹ ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف کا اضافہ۔

### 11۔ پیغام

واپڈا ہسپتال اپنے مریضوں کے لئے پرخلوص خدمت کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں تمام ملازمین سے استدعا ہے کہ واپڈا ہسپتال سے جدید ترین سہولیات کا استفادہ کریں اور واپڈا ہسپتال سے باہر علاج کو ترجیح نہ دیں۔ خصوصاً جو شعبے مثلاً جنرل سرجری، گائنی، آئی، لیبارٹری وغیرہ بہترین رزلٹ دے رہے ہیں ان پر اعتماد کریں اور رہنمائی کے لئے ڈاکٹرز سے رجوع کریں تا کہ آپ کی جیب پر بھی بوجھ نہ پڑے۔

☆☆☆

واپڈا ہسپتال ملتان کی عمارت کا بیرونی منظر




چیف ایگزیکٹو میپکو چوہدری گفتار احمد منیجرز آپریشن کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

